مطبوعات

یادگارِ سلف

تالیف مولٰنا نجم الدین صاحب اصلاحی، ضخامت ۲۷۶ صفحات قیمت عہر

ملنے کا پتہ:- مولانا نجم الدین صاحب اصلاحی، مدرسۃ الاصلاح، سرائے میر، اعظم گڈھ۔

حضرت مولانا سید محمد امین الحسنی الحسینی ضلع رائے بریلی میں ایک صاحب سلسلہ وارشاد بزرگ گذرے ہیں جن کا خاندانی رشتہ حضرت سید احمد مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ سے ملتا ہے۔ رسوخ علم، صلاح عمل، اتباع سنت اور امر بالمعروف میں اس چودھویں صدی کے اندر "سلف" کی "یادگار" تھے۔ یہ کتاب انہیں کے حالات پر مشتمل ہے، جسے مولوی نجم الدین صاحب اصلاحی نے نہایت بسط کے ساتھ لکھا ہے ابتدا میں مولٰنا سید سلیمان صاحب ندوی کا ایک مختصر مقدمہ ہے، جس سے سوانح کی قیمت اور صاحب سوانح کی عظمت کا بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے۔ کتاب محض عام حالاتِ زندگی کا سرسری خاکہ ہی نہیں ہے بلکہ اپنی علمی افادیت کے لحاظ سے بھی قابلِ قدر ہے۔ جہاں ایک سچے اور مجاہد انسان کی سیرت سے ایمانی حرارت حاصل کی جاسکتی ہے وہاں بیعت، نسبت، وجد، تصوف اور امر بالمعروف وغیرہ عنوانات سے حقائق افروز علمی بحثیں بھی موجود ہیں۔ تصوف کی یہ حقیقت کہ وہ دراصل احسان، تقویٰ اور اتباع کتاب و سنت کا دوسرا نام ہے لیکن آج چنگ و رباب کے نغموں اور عرس و قبر پرستی کے ہنگاموں میں گم ہوکر رہ گئی ہے، پوری طرح بے نقاب کرکے دکھائی گئی ہے، طرزِ تحریر عموماً سنجیدہ ہے، کتاب اپنی ظاہری ومعنوی دونوں حیثیت سے قابل دید ہے، عام علم دوست حضرات خصوصاً مولانا مرحوم کے معتقدین کے دیکھنے کی چیز ہے۔